Department of Education
Carmen Fariña, Chancellor

Sophia Pappas
Chief Executive Officer
Division of Early Childhood Education

52 Chambers Street
Room 413
New York, NY 10007

212 374 0351 tel
212 374 5760 fax

ستمبر 2016

عزیزی والدین/سرپرست

ہم پُرجوش ہیں کہ اس سال آپ کا بچہ ہمارے پری کنڈرگارٹن پروگراموں میں سے ایک میں شرکت کر رہا ہے- آپ کے بچے کا استاد اور منتظم اسے کنڈرگارٹن اور تاحیات آموزش کے لیے درکار ایک بنیاد مہیا کرنے کے لیے مسرت بخش اور باہمی رابطے والے اسباق کے ساتھ ان کی معاونت کریں گے- ان کوششوں میں پورے تعلیمی سال میں کئی طرح کی سماجی اور تعلیمی مہارتوں اور ساتھ ہی ساتھ لسانی نشوونما میں آپ کے بچے کی پیش رفت کی نگرانی اور معاونت کرنا شامل ہے-

سال کے آغاز میں، پروگرام نیویارک ریاست کے یونیورسل پری کنڈرگارٹن ضوابط کے مطابق طلباء کی ممکنہ ترقیاتی اور تعلیمی ضروریات کے لیے جانچ کرتے ہیں- آپ کے بچے کی جانچ اس کی جماعت کے استاد کی جانب سے Early Inventory Screening–Revised (ESI-R®) استعمال کرتے ہوئے، یا ایک قابلِ موازنہ ترقیاتی جانچ کا وسیلہ استعمال کرتے ہوئے، اندراج کے 45 دنوں کے اندر کی جائے گی-

یہ جانچ آپ کے بچے کی ترقیاتی اور تعلیمی ضروریات کے کئی پہلوؤں کے بارے میں مزید جاننے میں آپ کے بچے کے استاد کی رہنمائی کرے گی- یہ جانچ کنڈرگارٹن کے لیے مستعدی کا تعین نہیں کرتی- یہ IQ کی جانچ نہیں ہے اور نہ ہی ایک قابل اور ہنرمند پروگرام میں داخلے سے تعلق رکھتی ہے- آپ کے بچے کا استاد اس جانچ کے نتائج سے آپ کو مطلع کرے گا-

ہم آپ سے یہ درخواست بھی کر رہے ہیں کہ آپ والدین کا سوالنامہ مکمل کریں اور واپس بھجوائیں جو آپ کو آپ کے بچے کے استاد کی جانب سے مہیا کیا جائے گا-

اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں، براہِ کرم اپنے بچے کے استاد سے یا earlychildhood@schools.nyc.gov پر ہمارے دفتر سے رابطہ کریں-

ابتدائی طفلی وسائل پر مزید معلومات کے لیے براہِ کرم ہماری ذیل کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں:
http://schools.nyc.gov/Academics/EarlyChildhood/parentfamilies/resources.htm

مخلص،

Sophia Pappas